انٹرنیٹ کے قابلِ قبول استعمال اور حفاظت کی پالیسی
14 فروری، 2001 کے محکمے کے نفاذ کی تحلیل
1 جولائی، 2012 سے ترمیم شدہ

انٹرنیٹ کے قابلِ قبول استعمال اور حفاظت کی پالیسی (IAUSP)

پالیسی

نیویارک شہر محکمہ تعلیم ("**محکمہ**") اپنے ملازمین، ایجنٹ، طلبا اور رضاکاران کے لیے محکمے کے انٹرنیٹ نظام تک رسائی فراہم کرتا ہے جنھیں امتزاجی طور پر تعلیمی اور کاروباری مقاصد کے لیے قابلِ اطلاق قانون کے مطابق "**صارفین**" کہا جاتا ہے- صارفین کی تمام آن لائن سرگرمی اور محکمے کے انٹرنیٹ نظام تک رسائی، بشمول ای میل اور محکمے کی جانب سے مہیا کردہ انٹرنیٹ تک رسائی، اس انٹرنیٹ کی قابل قبولِ استعمال اور حفاظت کی پالیسی ("**پالیسی**") کے زیر فرمان ہے، اور اس پالیسی کا اطلاق محکمے کی ملکیت پر اور کسی علیحدہ مقام پر، محکمے کے انٹرنیٹ نظاموں کے استعمال پر ہے-

"**محکمے کے انٹرنیٹ نظام**" سے مراد محکمے کے فراہم کردہ آلات، محکمے کے فراہم کردہ انٹرنیٹ روابط (بشمول لاسلکی روابط)، محکمے کے فراہم کردہ ای میل اکاؤنٹس، انٹرنیٹ اور محکمے کے نظاموں تک بعید رابط ہے- صارف کا محکمے کے انٹرنیٹ نظام پر کسی آلے کے ذریعے (چاہے یہ آلہ محکمے کا فراہم کردہ آلہ ہو یا نہیں)، کوئی بھی برقی سرگرمی کرنا، صارف کی جسمانی مقام سے قطع نظر، محکمے کے انٹرنیٹ نظام تک رسائی اور استعمال سمجھا جاتا ہے-

"**محکمے کے فراہم کردہ آلات**" سے مراد محکمے کی جانب سے فراہم کردہ کوئی بھی برقی آلہ ہے بشمول لیکن اس تک محدود نہیں، ڈیسک ٹاپ کمپیوٹر، لیپ ٹاپ، اور ہاتھ میں رکھنے کےآلانے جیسے پرسنپل ڈجیٹل اسسٹنٹ (PDA)، سمارٹ فون، آئی پیڈز، ٹیبلٹ، ای ریڈر-

محکمے کے انٹرنیٹ نظام کا طالبانہ استعمال اس پالیسی، محکمے کے ضوابط، پالیسیوں اور رہنما خطوط، شہرپیما طرز عمل کے معیارات اور باضابط تادیبی کارروائیاں ("**ضابطۂ انضباط**") اور قابل اطلاق قانون کے زیر فرمان ہیں-" ملازمین کا استعمال اس پالیسی، محکمے کے ضوابط، پالیسیوں اور رہنما خطوط، محکمے کی ملازمین کی پالیسیوں، قابل اطلاق مجموعی سوداکاری معابدوں اور قابل اطلاق قانون کے زیر فرمان ہیں-

محکمے کے انٹرنیٹ نظام کا استعمال کرکے صارف اس پالیسی اور محکمے کے تمام قابل اطلاق ضوابط، پالیسیوں اور رہنما خطوط پر عمل کرنے کی رضامندی دیتا ہے- تمام صارفین کو نیٹ ورک یا انٹرنیٹ یا کے غیردرست استعمال یا اس پالیسی کی خلاف ورزی کرنے والی حاصل کردہ مراسلت کے متعلق استاد، نگران یا دیگر محکمے کے عملے کو رپورٹ دینی لازم ہے-

انٹرنیٹ کے قابل قبول استعمال اور حفاظت کے اصول

عمومی

محکمے کی جانب سے فراہم کردہ انٹرنیٹ تک رسائی اور ای میل تعلیمی استعمال، تدریس، تحقیق اور اظہار و ابلاغ کی سہولت، باہمی تعاون اور محکمے کے دیگر متعلقہ مقاصد کے لیے ہیں- صارفین انھی معیارات کے ماتحت ہیں جنکی کلاس روم اور / یا پیشہ ورانہ جائے ملازمت میں توقع کی جاتی ہے-

نگرانی اور رازداری

صارفین کو محکمے کے انٹرنیٹ نظام استعمال کرتے ہوئے رازداری کا کوئی حق حاصل نہیں- محکمہ صارفین کی آن لائن سرگرمیوں کی نگرانی کرتا ہے اور کسی بھی برقی مراسلت یا فائل تک رسائی حاصل کرنے، اسکا جائزہ کرنے، اسکی نقل کرنے، اسے محفوظ کرنے یا خارج کرنے کا حق رکھتا ہے- اس میں محکمے کے فراہم کردہ آلات میں محفوظ کوئی بھی اشیأ جیسے فائل، ای میل، کوکیز اور انٹرنیٹ تاریخ شامل ہے-

محکمہ کو حق حاصل ہے کہ وہ کسی بھی برقی سرگرمی کا، بشمول برقی مراسلت، کو قانونی نفاذ کے اہلکاران یا تیسرے فریقین پر جیسے مناسب ہو اور قابل اطلاق قانون کے مطابق، انکشاف کرے- محکمہ مقامی، ریاستی، یا وفاقی اہلکاران کے ساتھ محکمے کے انٹرنیٹ نظام کے ذریعے کسی بھی غیرقانونی سرگرمیوں کے واسطے یا متعلق کسی بھی قانونی تفتیش میں مکمل تعاون فراہم کرے گا-

محکمے کے انٹرنیٹ نظام کے ممنوع استعمال

صارفین محکمے کے انٹرنیٹ نظام کا استعمال کرتے ہوئے یا اس تک رسائی کے دروان اس پالیسی کے تحت ممنوع کسی بھی سرگرمی میں شرکت نہیں کرسکتے-

اگر صارف کو یقین نہیں کے کوئی طرزعمل ممنوع ہے یا نہیں تو اسے استاد، نگران یا دیگر مناسب محکمے کے عملے سے رابطہ کرنا چاہیے- محکمے کو ایسی سرگرمیوں کے متعلق فوری عمل لینے کا حق حاصل ہے جو (1) محکمے، طلبا، ملازمین، اسکولوں، نیٹ ورک یا کمپیوٹر وسائل کے لیے حفاظتی اور / یا تحفظاتی امور پیدا کریں، یا (2) محکمے کے وسائل کو ایسے مواد پر صرف کرنا جسکے متعلق محکمہ یہ تعین کرے کہ انکا میں جائز تعلیمی یا محکمے کا مواد یا ایسا مقصد نہ ہو، یا (3) محکمہ انھیں غیرمناسب سمجھے-

ذیل میں ممنوع طرزعمل کی مثالوں کی ایک نامکمل فہرست شامل ہے:

1. دوسروں کو ضرر پہنچانا، انکی ملکیت یا محکمے کی ملکیت کو نقصان پہنچانا، جیسے:

   a. ای میل پیغامات میں، محکمے کے ویب پیج پر دستیاب مواد یا پیشہ ورانہ سوشل میڈیا سائٹس پر غیر مہذب، عیاش، ناشائشتہ، دھمکی آمیز، یا توہین آمیز زبان استعمال، شائع یا تقسیم کرنا؛
   b. فحش نگار یا بصورت دیگر غیراخلاقی، غیر قانونی عمل کی پیروی کرنے والی یا تشدد یا امتیازی معلومات یا مواد تک رسائی، اسکا استعمال، اشاعت یا تقسیم کرنا؛ اگر صارفین لاشعوری طور پر ایسی معلومات تک رسائی حاصل کرتے ہیں تو انھیں فوری طور پر انکے اسکول یا مرکزی ڈیوژن دفتر کے مخصوص کیے گئے طریقے کے مطابق اس نادانستہ رسائی کا انکشاف کرنا چاہیے؛

c. ایزاں رساں، امتیازی، اشتعالی یا نفرت انگیز مواد تک رسائی، اسکی اشاعت یا تقسیم کرنا، یا دوسروں کے متعلق نقصان دہ یا جھوٹے بیانات دینا؛
d. سلسلہ وار خطوط بھیجنا، شائع کرنا یا بصورت دیگر تقسیم کرنا یا اسپیم میں ملوث ہونا؛
e. کمپیوٹر کا سامان، فائل اعداد و شمار یا محکمے کے انٹرنیٹ نظام کو کسی بھی طریقے سے نقصان پہنچانا بشمول کمپیوٹر وائرس پھیلانا، اعداد و شمار، سافٹ ویئر یا سامان تباہ کرنا، دوسروں کی برقی ملکیت کو نقصان پہنچانا یا ناکارہ کرنا، یا ایسے طرز عمل میں ملوث ہونا جو محکمے کے تعلیمی یا کاروباری ماحول میں خلل اندازی کرے یا مزاحمت کا خطرہ پیدا کرے؛
f. محکمے کے انٹرنیٹ نظام کو ایسے انداز میں استعمال کرنا جو صارف یا دیگر افراد کی تعلیم کے ساتھ یا صارف یا دیگر افراد کی ملازمتی ذمہ داریوں کے ساتھ مزاحمت کرے؛
g. قابل اطلاق حق اشاعت کے قوانین کی خلاف ورزی کرنے والی موسیقی، تصاویر، وڈیو یا دیگر مواد کو ڈاؤن لوڈ، شائع، تخلیق یا تقسیم کرنا- کوئی بھی موسیقی اور / یا وڈیو کو صرف محکمے کے لیے نہ کہ ذاتی مقاصد کے لیے ڈاؤن لوڈ کرنا چاہیے- اگر کوئی مواد یہ مخصوص کرتا ہے ہے اسے کیسے استعمال کیا جائے، تو صارف کو بیان کردہ تقاضوں کی تعمیل کرنی چاہیے- اگر صارف کو یقین نہیں کہ آیا وہ کوئی مواد استعمال کرسکتے ہیں تو انہیں حق اشاعت یا تجارتی نام کے مالک سے اجازت طلب کرنی چاہیے؛ یا
h. ادبی سرقہ بازی میں شرکت- ادبی سرقہ بازی دوسرے شخص کے خیالات یا تحریر کو لے کر صارف کے اصل کام کے طور پر پیش کرنا ہے-

2. محکمے کے انٹرنیٹ نظام تک، یا کسی تیسرے فریق کے کمپیوٹر نظام تک ناجائز رسائی حاصل کرنا یا حاصل کرنے کی کوشش کرنا، جیسے:

a. بغض پر مبنی تحریف، فیشنگ (دھوکے سے ای میل کے ذریعے مخفی معلومات حاصل کرنا) یا ہیکنگ (کمپیوٹر میں محفوظ معلومات تک ناواجب طور سے رسائی حاصل کرنا) کی سرگرمیاں؛
b. دیگر صارفین کے کلمہ شناخت (پاس ورڈ) کی بلاارادہ طور پر معلومات حاصل کرنا؛
c. صارف کے محکمے کے انٹرنیٹ نظام کے کلمہ شناخت کو دیگر افراد پر ظاہر کرنا- تاہم، طلبا اپنا محکمے کا کلمہ شناخت اپنے والدین کے ساتھ بانٹ سکتے ہیں؛
d. دیگر افراد کے کلمہ شناخت کو تبدیل کرنا؛
e. کسی دیگر فرد کے اکاؤنٹ کے ذریعے لاگ ان کرنے کی کوشش کرنا؛
f. ایسے مواد تک رسائی حاصل کرنے کی کوشش کرنا جسے محکمے کی جانب سے روکا یا مقطر کیا گیا ہو؛
g. بغیر اجازت کسی دیگر صارف کی فائل تک رسائی، اسکی نقل یا ترمیم کرنا؛
h. صارف کی شناخت کو چھپانا؛
i. کسی اکاؤنٹ کا کلمہ شناخت یا شناخت کنندہ استعمال کرنا جو صارف کی ملکیت نہ ہو؛ یا
j. ایسے طریقے سے استعمال کرنا جو دوسروں کے اکاؤنٹ یا دیگر کمپیوٹر نیٹ ورک تک رسائی کو خطرے میں ڈالے-

Department of Education

3. محکمے کے انٹرنیٹ نظام کو تجارتی مقاصد کے لیے استعمال کرنا، جیسے:

a. محکمے کے انٹرنیٹ نظام کو ذاتی مالی مفاد کے لیے استعمال کرنا؛
b. منافع کے لیے کاروباری سرگرمیاں، ذاتی اشتہار بازی، یا دیگر غیر محکمے کی کاروباری مراسلت سرانجام دینا؛
c. سرمایہ کاری میں ملوث ہونا (ماسوا جیسا کہ چانسلر کے ضابطے A-610 میں بیان کیا گیا ہے)؛ یا
d. کسی بھی منتخب اہلکار، امیدوار، امیدواران، امیدواران کی فہرست یا کوئی سیاسی تنظیم یا کمیٹی کی جانب سے محکمے کے انٹرنیٹ نظام کو استعمال کرنا-

4. مجرمانہ یا دیگر غیرقانونی سرگرمیوں میں شرکت کرنا-

تقطیر کرنا

بچوں کی انٹرنیٹ حفاظت ایکٹ ("**CIPA**") کے مطابق، محکمہ انٹرنیٹ پر ایسے مواد کو روکتا یا مقطر کرتا ہے جسے وہ نابالغ افراد کے لیے غیرمناسب سمجھے- اس میں فحش نگاری، غیراخلاقی مواد اور دیگر مواد ہے جو نابالغ افراد کے لیے نقصان دہ ہوسکتا ہے- محکمے ایسے مواد کو بھی روک سکتا اور مقطر کرسکتا ہے جسے غیرمناسب مانا جائے، جس میں تعلیمی یا کام سے متعلق مواد نہ ہو یا جو کام نیٹ ورک کے لیے خطرے کا باعث بنے- محکمہ اپنی صوابدید پر مخصوص صارفین کے لیے حقیقی تحقیق یا دیگر جائز تعلیمی یا کاروباری مقاصد کے لیے ایسی تقطیر کو ختم کرسکتا ہے-

صارفین کوئی ایسی ویب سائٹ، ایپلیکیشن، یا طریقوں کا استعمال نہیں کریں گے جو نیٹ ورک کی تقطیر سے بچنے کے متبادل راستے مہیا کرے یا کوئی دیگر غیرقانونی سرگرمیاں انجام نہیں دیں گے-

CIPA کے متعلق اضافی معلومات کے لیے برائے مہربانی ذیلی لنک ملاحظ کریں:
http://www.fcc.gov/guides/childrens-internet-protection-act

ذاتی قابلِ شناخت اور بصیغۂ راز معلومات کی حفاظت

خاندانی تعلیم حقوق اور رازداری قانون ("**FERPA**") محکمہ اسکول اہلکاران کو تعلیمی ریکارڈ سے محکمے کے طلبا اور خاندانوں کی ذاتی قابلِ شناخت معلومات ("**PII**") کا والدینی اجازت کے بغیر تیسرے فریقین پر انکشاف کرنے سے ممانعت کرتا ہے- تاہم، اس عمومی قانون پر متعدد استثناأوں کا اطلاق ہوسکتا ہے-

محکمے کے انٹرنیٹ نظام کے تمام صارفین کو FERPA اور چانسلر کے ضابطے A-820، رازداری اور طلبا کے ریکارڈز دستیاب کرنا؛ ریکارڈز برقرار رکھنے کی تعمیل کرنی ہوگی- اگر آپکو اسکے متعلق یقین نہیں کہ آیا کوئی سرگرمی FERPA اور چانسلر کے ضابطے A-820 کی تعمیل کرے گی تو براہِ کرم محکمے کے چیف معلومات کی حفاظت کے افسر سے رجوع کریں-

محکمے کے وکیل کے ساتھ اندرونی اظہاروابلاغ بصیغۂ راز ہوسکتا ہے- لہٰذا، صارفین کو وکیل سے تصدیق کرنے سے قبل ایسے کسے ابلاغ کو آگے نہیں بھیجنا یا تقسیم نہیں کرنا چاہیے- صارفین کو یہ یقینی بنانا چاہیے کہ جن ای میل میں بصیغۂ راز معلومات شامل یا منسلک ہیں، انکو صرف مقصود وصول کنندگان کو بھیجنا چاہیے-

طلبا کے لیے انٹرنیٹ تحفظ

1. محکمے کی ذمہ داریاں:

a. محکمہ مناسب آن لائن طرز عمل کے متعلق نصاب فراہم کرے گا بمشول سماجی روابط کی ویب سائٹس پر اور چیٹ روم میں دیگر افراد کے ساتھ تعامل، اور سائبر (آن لائن) غنڈہ گردی کی آگاہی اور جواب-

b. محکمہ برقی ای میل، چیٹ روم، اور برقی ابلاغ کی دیگر براہ راست شکلوں کو استعمال کرنے میں نابالغ افراد کی حفاظت اور تحفظ یقینی بنانے کے لیے کام کرے گا-

c. جیسے مناسب ہو، محکمہ انٹرنیٹ استعمال کرنے ہوئے طالبانہ حفاظت کے لیے طلبا، عملے اور واالدین کو رہنما خطوط اور ہدایات مہیا کرے گا-

2. طلبا کا محکمے کے انٹرنیٹ نظام کا استعمال

a. طلبا کو سماجی روابط کی سائٹس، چیٹ روم، ای میل یا دیگر براہ راست برقی ابلاغ، یا انٹرنیٹ پر کسی بھی دیگر فورم میں اپنے متعلق یا دیگر افراد کے بارے میں ذاتی معلومات افشاں نہیں کرنی چاہیئیں- مثال کے طور پر طلبا کو اپنے گھر کا پتہ، یا ٹیلیفون یا سیل فون نمبر ظاہر نہیں کرنا چاہیے- طلبا کو اپنی یا دوسروں کی فوٹوگراف یا تصاویر کی نمائش نہیں کرنی چاہیے-

b. طلبا کو کسی ایسے فرد سے کبھی بھی ملاقات نہیں کرنی چاہیے جسے وہ صرف انٹرنیٹ کے ذریعے جانتے ہوں-

c. طلبا کو اپنے استاد یا دیگر اسکولی عملے کو فوراً ایسے حاصل کردہ پیغام یا دیگر سرگرمی کے متعلق مطلع کرنا ہوگا جو طالب علم کو پریشان کریں-

d. طلبا کو محکمے کے کمپیوٹر کو طالب علم کلمہ شناخت محفوظ کرنے کی اجازت نہیں دینی چاہیے-

3. محکمے کا انٹرنیٹ نظام استعمال کرنے والے اساتذہ بشمول کلاس سرگرمیوں کے لیے سوشل میڈیا

a. اساتذہ کو مناسب و محفوظ آن لائن طرز عمل کے متعلق تعلیم فراہم کرنی چاہیے، بمشول سماجی روابط کی ویب سائٹس پر اور چیٹ روم میں دیگر افراد کے ساتھ تعامل، اور سائبر غنڈہ گردی کی آگاہی اور جواب- اساتذہ کو

محکمے کا ڈجیٹل دور میں شہریت کا رہنما کتابچہ اور انٹرنیٹ پر دستیاب مفت تعلیمی انٹرنیٹ حفاظت کے وسائل کا حوالہ دینا چاہیے۔

b. **سوشل میڈیا**

- "سوشل میڈیا" سے مراد آن لائن اشاعت یا پیش کش کی کوئی بھی شکل ہے جو متعامل ابلاغ کی اجازت دے بشمول لیکن اس تک محدود نہیں سماجی روابط، بلاگ، انٹرنیٹ ویب سائٹس، انٹرنیٹ فورم اور وکی (wikis)- سوشل میڈیا کی مثالوں میں شامل ہیں لیکن ان تک محدود نہیں، فیس بک، ٹوئٹر، یو ٹیوب، گوگل پلس اور فلکر۔
- اسکول طلبا کی تعلیم و تدریس کی افزائش کے لیے متعدد و متنوع آن لائن انٹرنیٹ پر مبنی متعامل ابلاغ کی ٹکنالوجی استعمال کرتے ہیں- سوشل میڈیا سائٹس کو صرف تعلیمی اور اسکول سے متعلقہ مقاصد کے لیے استعمال کرنا چاہیے جن کا رابطہ اسباق اور مفوضہ کام سے ہو اور جو اساتذہ اور دیگر طلبا کے مابین ابلاغ کو سہولت فراہم کرے۔
- محکمہ ان سائٹس تک رسائی کو محکمے کے اندر موجود افراد اور محکمے کے اسکول کے اہلکاران تک محدود کرتا ہے- اگر سوشل میڈیا سائٹ تک رسائی محکمے کے اندر موجود افراد یا محکمے کے اسکول کے اہلکاران سے باہر وسعت ہوئی تو والدینی رضامندی درکار ہے۔
- اگر انٹرنیٹ سرگرمیوں میں سوشل میڈیا شامل ہوگا تو اساتذہ کو محکمے کے سوشل میڈیا رہنما خطوط کا حوالہ دینا چاہیے جنکا اس پالیسی میں انضمام کیا گیا ہے۔

4. والدین:

a. اگرچہ طلبا کی اسکولی ملکیت پر محکمے کے انٹرنیٹ نظام استعمال کرتے ہوئے نگرانی کی جائے گی، محکمے کے لیے یہ قابل عمل نہیں کہ وہ طلبا کے انٹرنیٹ کے استعمال میں وسیع تر دائرہ کار کی سماجی اقدارا کی نگرانی اور انکا نفاذ کریں- والدین اپنے بچوں کو اپنی مخصوص خاندانی اقدار ترسیل کرنے، اور اپنے بچوں کے ساتھ اس پر بحث کرنے کے لیے اولین طور پر ذمہ دار ہیں کہ محکمے کے انٹرنیٹ نظاموں کے ذریعے کونسا مواد بچوں کی رسائی کے لیے قابل قبول ہے اور کونسا نہیں۔

b. گھر یا اسکول سے باہر کسی مقام کے ذریعے محکمے کے انٹرنیٹ نظام تک رسائی حاصل کرتے ہوئے بچوں کے انٹرنیٹ کے استعمال کی نگرانی کے لیے والدین خصوصی طور پر ذمہ دار ہیں- محکمے کے انٹرنیٹ نظاموں تک گھر سے رسائی کی چھان بین کے لیے محکمہ اپنے تقطیری نظاموں کا استعمال کرسکتا ہے اور نہیں بھی- استفسارات کے لیے والدین کو اسکول یا محکمے سے رجوع کرنا چاہیے۔

اس پالیسی کی خلاف ورزیاں

Department of Education

محکمہ، بشمول مرکزی دفاتر اور اسکولوں، کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ کسی بھی صارف کے محکمے کے انٹرنیٹ نظاموں تک رسائی کو کسی بھی وقت ختم کردیں بشمول - محکمے کی ای میل تک رسائی-

اگر کوئی طالب علم اس پالیسی کی خلاف ورزی کرتا ہے تو ضابطہء انضباط اور قابل اطلاق چانسلر کے ضابطے کے مطابق مناسب تادیبی کارروائی کی جائے گی- اگر کسی طالب علم کی محکمے کے انٹرنیٹ نظام تک رسائی منسوخ کردی جاتی ہے تو طالب کو کوئی تعلیمی سزا نہیں مل سکتی، اور محکمہ یہ یقینی بنائے گا کہ طالب علم کے پاس تعلیمی پروگرام میں شرکت کے پرمعنی مواقع کی دستیابی جاری رہے-

ملازمین کی جانب سے اس پالیسی کی خلاف ورزی کے جواب میں مناسب تادیبی کارروائی کی جائے گی-

تمام صارفین کو اپنے استاد، نگران، پرنسپل یا مینیجر کو فوراً ایسی حاصل کردہ معلومات کے متعلق مطلع کرنا ہوگا جو غیر مناسب ہو یا انہیں پریشان کریں-

ذمہ داری کی حد

محکمہ فراہم کردہ خدمات کے معیار کے متعلق کوئی ضمانت نہیں دیتا اور نیٹ ورک یا اکاؤنٹ کے استعمال سے پیدا ہونے والے کسی بھی مطالبے، خسارے، نقصانات، اخراجات یا دیگر پابندیوں کے لیے ذمہ دار نہیں- صارف کے، محکمے کا نیٹ ورک استعمال کرنے سے لاگو ہونے والے اضافی اخراجات کو خود صارف ہی برداشت کرے گا- محکمہ صارف کی رسائی کے ذریعے حاصل کردہ معلومات کی درستگی یا معیار کے لیے ذمہ داری قبول نہیں کرتے- کمپیوٹر نیٹ ورک یا انٹرنیٹ کے ذریعے قابل رسائی کسی بھی بیان، کو مصنف کا انفرادی نقطہء نظر سمجھا جاتا ہے، اور محکمے، اسکے الحاق کردہ یا ملازمین کا نہیں-

اس پالیسی کی نقلیں اور استفسارات

محکمے کو کسی بھی وقت حسب ضرورت اس پالیسی کی ترمیم اور / یا تبدیلی کرنے کا حق حاصل ہے- یہ پالیسی درخواست کرنے پر اور محکمے کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے:
http://schools.nyc.gov/Offices/EnterpriseOperations/DIIT/WebServices/iaup/default.htm#preamble

ضابطے سے متعلق استفسارات ذیل کو بھیجی جانی چاہیئیں:

NYC Department of Education
Office of Communications and Media Relations
52 Chambers Street, Room 314
New York, NY 10007
فون: 212-374-5141
فیکس: 212-374-5584